معاشرے کو دوبارہ کھولنے کے لئے بڑے پیمانے پر جانچ کی توسیع

حکومت معاشرے کو دوبارہ کھولنے کے لیے بڑے پیمانے پرجانچ کا استعمال زیادہ فعال طور پر کرنا چاہتی ہے۔ زیادہ انفیکشن والے علاقوں میں بچوں اور نوجوانوں کو ترجیح دی جائے گی۔ محکمہ برائے صحت کو بڑے پیمانے پر جانچ کے لیے قومی نظام کی ذمے داری دی جائے گی، جو وسائل کے موثر استعمال اور اچھی ہم آہنگی کو یقینی بنائے گی۔

- وزیر برائے صحت و نگہداشت بینٹ ہوئیٔ کا کہنا تھا، ناروے میں ابھی بھی انفیکشن کا دباؤ بہت زیادہ ہے۔ بڑے پیمانے پر جانچ/ ٹیسٹنگ , انفیکشن کا جائزہ لینے اور ناروے کو زیادہ تیزی سے کھولنے کے لئے ایک اہم ذریعہ ثابت ہوسکتی ہے۔ اب ہم بڑے پیمانے پر جانچ کے لئے ایک قومی نظام قائم کر رہے ہیں۔ پہلے مرحلے میں ، ہم انفیکشن والے علاقوں میں بچوں اور نوجوان لوگوں کو ترجیح دیں گے۔

محکمہ برائے صحت اور ادارہ برائے صحت عامہ کا خیال ہے بیماری مثبت آنے کی صورت میں، بعد میں آسولیشن اور انفیکشن کاپتہ لگانے کے ساتھ ،منتخب گروپوں کی باقاعدہ بڑے پیمانے پر جانچ پڑتال انفیکشن میں کمی کا باعث بنے گی۔ علاوہ ازیں بڑے پیمانے پر جانچ کا استعمال اسکولوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں کو انفیکشن کنٹرول طریقے سے کھلا رکھنے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

سب سے پہلے بچے اور نوجوان

بڑے پیمانے پر جانچ، جو ایک گروپ کے لوگوں کی منظم جانچ پر مشتمل ہے، جس میں انفیکشن اور بیماری کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی انفرادی تشخیص نہ کی گی ہو، پہلے سے ہی متعدد ممالک میں استعمال کی جا رہی ہے۔ ناروے میں ابتدائی طور پہ بڑے پیمانے پر جانچ جاری ہے۔ بشمول اسلو اور برگن کے اسکولوں اور یونیورسٹیوں کے۔

قومی نظام میں تین مراحل شامل کئے گئے ہیں۔ بچوں، نوجوانوں اور طلباء کے ساتھ ساتھ پرائمری اسکولوں اور بارنے ہاگے کے ملازمین اور والدین کو ترجیح دی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں انفیکشن کے زیادہ دباو والے اضلاع اور بلدیات شامل ہیں، جو ایف ایچ آئی کے خطرے کی سطح 5 کے مطابق ہے۔ دوسرے مرحلے میں ایف ایچ آئی کے خطرے کی سطح 4 میں شامل اضلاع اور بلدیات ہیں۔ مرحلہ 3 کے مواد کی وضاحت بعد میں کی جائےگی۔

ہوئیی کا کہنا تھا، محدود وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے، جانچ کے سامان اور اچھی ہم آہنگی کے لیے، محکمہ برائے صحت کو اس کام کی رہنمائی کرنے کی ذمے داری سونپی جائےگی۔ محکمہ، دیگر چیزوں کے علاوہ، فیصلہ کرے گا کہ کن حالات میں بڑے پیمانے پر جانچ کا استعمال کیا جانا چاہیئے - مناسب مقدار میں جانچ کے سامان کو یقینی بنانے اور بلدیات کے کے ساتھ اچھا تعاون جاری بنیادوں پہ ہو -

یہ رضاکارانہ ہوگا

بڑے پیمانے پر جانچ بلدیات اورہر ایک کے لیے رضاکارانہ ہوگی، بچوں کے لیے یہ والدین کی طرف سے دی گئی رضامندی پر مشتمل ہوگا۔